# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

# ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 10th September, 2024 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith*, *Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2.** **MS. ASEEFA BHUTTO ZARDARI SYED NAVEED QAMAR**
**RAJA PERVEZ ASHRAF** **MR. AIJAZ HUSSAIN JAKHRANI**
**DR. NAFISA SHAH** to invite attention of the Minister for Industries and Production to a matter of urgent public importance regarding closure of Utility Stores and Pak.PWD leading to unemployment of nearly 25,000 persons, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILL
## COMMENCED BUSINESS

**3**. Consideration of the following motion moved by **MR. DANYAL CHAUDHARY, MNA** on 3rd September, 2024:-

> That the leave to introduce a Bill further to amend the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024] be granted.

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## INTRODUCTION OF BILLS

**5.** **MR. SOHAIL SULTAN** to move for leave to introduce a Bill to provide for the protection of parents [The Protection of Parents Bill, 2024].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7.** **MR. SOHAIL SULTAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9.** **MS. NUZHAT SADIQ** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Environmental Protection Act, 1997 [The Pakistan Environmental Protection (Amendment) Bill, 2024].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**11.** **SYED NAVEED QAMAR** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 119 of the Rules of Procedure**.- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in rule 119, after sub-rule (1), the following proviso shall be added namely:-

> "Provided that in order for a Constitutional Amendment Bill, at least one-fourth of the total membership may stand in their seats to allow the amendment to be introduced."

**12.** **SYED NAVEED QAMAR** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**13.** **SYED NAVEED QAMAR** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**14.** **MR. MUHAMMAD MOIN AMIR PIRZADA** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should provide medical, mobile and motorcycle insurance to motorcyclists like riders of food panda and Bykea etc, who deliver food and daily use items, through State Life insurance and in this regard all expenses should be borne by the Government of Pakistan."

**15.** **SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to enhance national sports programs by substantially increasing funds for athletes' development and competitions."

**16.** **DR. MAHREEN RAZZAQ BHUTTO** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to put state-of-the-art arrangements in place for the rescue and rehabilitation of those affected by the recent floods."

**17.** **MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps for the elimination of 18% tax on contraceptives and to reverse its earlier decision of raising 300% increase in the prices of MVA Manual Vacuum Aspiration."

**18.** **RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take steps to establish Software Technology Parks all over the country in order to promote IT business among our youth."

## MOTION UNDER RULE 259

**19.** **MS. SEHAR KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Ministry of Information Technology and Telecommunications."

**20.** **DR. MAHREEN RAZZAQUE BHUTTO** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Capital Development Authority."

**21.** **RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the issue of overbilling by power distribution companies in the country."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**22.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**23.** **MS. ALIYA KAMRAN** to invite attention of the Minister for Finance and Revenue to a matter of urgent public importance regarding closure of Sharia-compliant savings schemes by National Savings Pakistan, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th September, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۰ ستمبر، ۲۰۲۴ء کو صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ آصفہ بھٹو زرداری** **سید نوید قمر** **راجہ پرویز اشرف** **جناب اعجاز حسین جاکھرانی**
**ڈاکٹر نفیسہ شاہ** وزیر برائے صنعت و پیداوار کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو یوٹیلیٹی اسٹورز اور پاک۔پی ڈبلیو ڈی کی بندش جس کے باعث تقریباً ۲۵۰۰۰/افراد بے روزگار ہو جائیں گے، سے متعلق ہے۔

## بل کا پیش کرنا

## آغاز شدہ کارروائی

۳۔ **جناب دانیال چوہدری**، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے ۳ ستمبر، ۲۰۲۴ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔
کہ عدالت عظمیٰ (ججوں کی تعداد) ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [عدالت عظمیٰ (ججوں کی تعداد) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۵۔ **جناب سہیل سلطان** تحریک پیش کریں گے کہ تحفظ والدین کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [تحفظ والدین بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۷۔ **جناب سہیل سلطان** تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۹۔ **محترمہ نزہت صادق** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان تحفظ ماحولیات ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان تحفظ ماحولیات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۱۱۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۱۹ میں ترمیم:۔** یہ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۱۱۹ میں، ذیلی قاعدہ (۱) کے بعد، درج ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ کسی آئینی ترمیمی بل کے ضمن میں ترمیم پیش کرنے کی اجازت طلب کرنے کے لئے ارکان کی کل تعداد میں سے کم از کم ایک چوتھائی ارکان اپنی نشستوں پر کھڑے ہوں گے۔"

۱۲۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۱۳۔ **سید نوید قمر** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قرار دادیں

۱۴۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت فوڈ پانڈا اور بائیکیا وغیرہ کے رائیڈز ایسے موٹر سائیکل سواروں جو روزمرہ کی اشیاء اور اشیائے خورد و نوش کی ڈیلیوری کرتے ہیں، کو اسٹیٹ لائف انشورنس کے ذریعے میڈیکل، موبائل اور موٹر سائیکل کی انشورنس فراہم کرے اور اس ضمن میں تمام اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے۔''

۱۵۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ایتھلیٹس کی تیاری اور مقابلوں کے لیے فنڈز میں خاطر خواہ اضافہ کر کے قومی کھیلوں کے پروگراموں کے فروغ کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

۱۶۔ **ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت حالیہ سیلابوں سے متاثرہ افراد کے تحفظ اور بحالی کے لئے جدید ترین انتظامات کو بروئے کار لانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۱۷۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گی :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت مانع حمل اشیاء پر ۱۸ فیصد ٹیکس کے خاتمے کے لئے اور ایم وی اے (مینوئل ویکیوم اسپائریشن) کی قیمتوں میں ۳۰۰ فیصد اضافہ کرنے کے اپنے پہلے فیصلے کو واپس لینے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۱۸۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے :۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت نوجوانوں میں آئی ٹی بزنس کے فروغ کے لئے ملک بھر میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس کے قیام کی بابت اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۱۹۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

''یہ ایوان وزارت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۲۰۔ **ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

''یہ ایوان ترقیاتی ادارہ دارالحکومت کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۲۱۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔

''یہ ایوان ملک میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے زائد بلوں کے معاملے پر بحث کرے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۲۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۳۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو قومی بچت، پاکستان کی جانب سے شریعت پر مبنی بچت اسکیموں کی بندش سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۹ ستمبر، ۲۰۲۴ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**